چوتھا سمسٹر IV Semester	بی۔ایڈ (ریگولر) B.Ed Regular	جولائی 2023

پرچہ : شمولیاتی تعلیم

Paper - B9ED403CCT : Inclusive Education

جملہ نشانات : 35 Maximum. Marks — Time : وقت : 2 Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 05 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 01 نمبر مختص ہے۔ **(5 x 1 = 5 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 04 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 4 = 20 Marks)**
3. حصہ سوم میں 02 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 01 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(1 x 10 = 10 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i. RPWD ایکٹ کے 2016 کے مطابق معذوریت کے کل کتنے اقسام ہیں؟

ii. شمولیاتی تعلیم کا مطلب ہوتا ہے.......................

iii. عام بچوں کی ذہانت (IQ) ہوتی ہے.......................

iv. CASCADE MODEL کو پیش کرنے والے ماہر کا نام کیا ہے؟

v. عورتوں کی شرح خواندگی مردم شماری 2011 کے مطابق کتنی ہے؟

حصہ دوم

2. شمولیاتی تعلیم سے کیا مراد ہے؟ اس کی اہمیت پر بحث کیجیے۔
3. معذوریت کے کتنے اقسام ہوتے ہیں؟ واضح کریں۔
4. جسمانی معذوریت سے کیا مراد ہے؟ جسمانی معذور بچوں کی ذہنی اور نفسیاتی خصوصیات واضح کریں۔
5. آپ گفٹڈ (خداداد) صلاحیت والے بچوں کی شناخت کیسے کریں گے؟
6. ذہنی معذور بچوں کی خصوصیات اور ان کی شناخت کے طریقے بیان کیجیے۔
7. مسلم اقلیتوں کے تعلیمی فروغ کے لیے تدابیر بیان کیجیے۔
8. لڑکیوں کو تعلیمی دھارے میں شامل کرنے کی چار تدابیر لکھیں۔
9. سمعی معذور بچوں سے کیا مراد ہے؟ ان بچوں کے اقسام بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10. آپ کے مطابق سماج کے محروم طبقات کی تعلیمی پسماندگی کے اسباب کون کون سے ہیں؟ تفصیل سے لکھیے۔
11. انضمامی تعلیم اور خصوصی تعلیم سے کیا مراد ہے؟ اور ان کی تعلیم کے طریقے کو تفصیل سے بیان کیجیے۔